سوال

(326)انہوں نے اپنی حق تلفی کی وجہ سے اس سے قطع تعلق کیا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری تین پھوپھیاں ہیں،ان میں سے بڑی ہمارے گھر میں'دوسری اپنے داماد کے ساتھ اور تیسری اپنے شوہر کے ساتھ رہتی ہے۔ان سب نے مل کر مجھ سے تعلق منقطع کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے کیونکہ یہ ہماری مشترکہ جائیداد کو میری اجازت کے بغیر فروخت کرنا چاہتی تھیں۔حالانکہ میں بھی اس جائیداد میں ان کے ساتھ شریک ہوں اورپھر ابھی تک ہم میں سے کسی کو یہ بھی معلوم نہیں کہ اس کا حصہ کتنا ہے'اس لیے میں نے خریدار کو نہ صرف اس جائیداد کے خریدنے سے منع کردیا'بلکہ اس رقم کو بھی واپس کردیا جو اس نے انہیں ادا کی تھی۔میں اس جائیدادیا اس کی قیمت سے کوئی استفادہ نہیں کرنا چاہتا'اس لیے میں نے جائیداد کو انہی کے پاس رہنے دیا اور خود سفر پر چلاگیا۔میں چاہتا یہ تھا کہ اس زمین کی پیداوار پر گزارا کریں اور گھر پر رہیں مگر اس میں ازخود کوئی تصرف نہ کریں۔ان کے قطع تعلق کے بعد میں نے بھی اپنے آپ کو ان سے الگ کرلیا ہے اوراب میں تن تنہا رہ رہاہوں'لیکن ڈرتا ہوں کہ قطع رحمی کی سزا کا مستحق قرار نہ پاؤں توسوال یہ ہے کہ اس مسئلہ کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کا اپنی پھوپھیوں کو اپنے اس حق کے فروخت کرنے سے منع کیا جو انہیں باپ کی وراثت سے ملا ہے'ظلم وزیادتی ہے کیونکہ ان میں سے ہر ایک کو اپنے حصہ میں تصرف کا شرعاً حق حاصل ہے اور کسی کو(اس وقت تک) یہ حق حاصل نہیں کہ وہ انہیں تصرف سے منع کرے'جب تک وہ شرعاً اس میں تصرف کی اہل ہوں۔آپ کے اوران کے درمیان تعلق کے منقطع ہونے کا سبب آپ ہیں'لہذا اس عظیم گناہ سے اللہ تعالیٰ سے توبہ واستغفار کریں۔آپ ان سے معافی طلب کریں اوران سے ملاقات کریں کیونکہ اللہ بزرگ وبرتر نے صلہ رحمی کا حکم دیا ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذي تَساءَلونَ بِهِ وَالأَرحامَ ... ١ ... سورالنساء

''اوراللہ سے جس کے نام کو تم اپنی حاجت براری کا ذریعہ بناتے ہوڈرو اور(قطع مووت) ارحام سے بچو۔''

اور فرمایا:

وَءاتِ ذَا القُربىٰ حَقَّهُ... ٢٦ ... سورة الاسراء

''اور رشتی دار کو اس کا حق ادا کرو۔''

علماء کا اجماع ہے کہ صلہ رحمی واجب اور قطع رحمی حرام ہے، امام بخاری و مسلمؒ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا:

((من كان يومن بالله واليوم الاخر فليكرم ضيفه 'ومن كان يومن بالله واليوم الاخر فليصل رحمه)) (صحيح البخاري 'الادب 'باب اكرام الضيف___لخ 'ح;٦١٣٧)

''جو شخص اللہ تعالیٰ اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہیے کہ وہ اپنے مہمان کی عزت کرے اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہیے کہ صلہ رحمی کرے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص251

محدث فتویٰ